# 16-11-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ چیف جسٹس آف انڈیا جسٹس بی آر گوائی نے کہا کہ دستور نے بنیادی حقوق متاثر ہونے کی صورت میں عدالتوں سے رجوع ہونے کا منفرد موقع شہریوں کو فراہم کیا ہے۔

۲۔ ریاستی وزیر جنگلات کونڈا سریکا نے کہا ہے کہ ریاست بھر میں ایکوٹوریزم کی ترقی کیلئے خصوصی منصوبہ پر عمل کیا جائے گا۔

۳۔ ریاست میں ترکاریوں کی قلت پر قابو پانے کے لئے ریاست گیر سطح پر 14 اضلاع میں 10 ہزار ایکڑ پر کاشت کو وسعت دینے کا نشانہ مقرر کیا گیا ہے۔

اور

۴۔ سابق ریاستی وزیر و بی آر ایس رکن اسمبلی ہریش راؤ نے ریاست بھر دھان کی خریداری کے عمل میں تیزی اور کسانوں کی مدد کرنے کا ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا۔

Harish Rao

سابق ریاستی وزیر و بی آر ایس رکن اسمبلی ہریش راؤ نے ریاست بھر دھان کی خریداری کے عمل میں تیزی اور کسانوں کی مدد کرنے کا ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ کانگریس حکومت کی لاپرواہی کے سبب کسان کافی مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ انہوں نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے 85 لاکھ میٹرک ٹن دھان کی خریداری کا وعدہ کیا تھا لیکن ابھی تک صرف 6 لاکھ میٹرک ٹن دھان ہی خریدی گئی ہے۔ اس میں سے بعض بلز زیر التوا ہیں۔ انہوں نے آج ضلع سدی پیٹ چنا کوڈور منڈل کے ملارم میں دھان کی خریداری کے مرکز کا معائنہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ تا حال 1200 کروڑ روپے ایم ایس پی کے ساتھ 200 کروڑ یا سنگی کا بونس کسانوں کو ادا شدنی ہے۔ یہ پوری رقم فوری ادا کی جائے۔

Deff Sports

انٹرنیشنل ڈیف اسپورٹس مقابلوں ڈیپلم پکس میں حیدرآبادی کھلاڑی دھنش شریکانت نے گولڈ میڈیل حاصل کیا۔ 10 میٹر ایر رائفل مردوں کے مقابلہ میں سریکانت نے یہ تمغہ حاصل کیا۔ اس طرح کے مقابلوں میں ان کا یہ دوسرا گولڈ میڈل ہے۔ ریاستی وزیر وی شری ہری نے کہا کہ ریاستی حکومت کی جانب سے اسپورٹس پالیسی کے تحت ایک کروڑ 25 لاکھ روپے کا انعام انہیں دیا جائے گا۔ ریاستی وزیر نے آج ہنمکنڈہ میں اسپورٹس اسکول کا آغاز کیا۔

Birsa Munda

حیدرآباد میں بھارتیہ جنتا پارٹی کے زیر اہتمام بھگوان برسا مونڈا کی 150 ویں یوم پیدائش تقریب منائی جارہی ہے۔ پارٹی کارکنوں نے ٹینک بنڈ پر قبائلیوں کے اعزازی دن سے متعلق ریالی ٹینک بنڈ پر ویویکانندا کے مجسمہ سے کمرم بھیم کے مجسمہ تک نکالی۔ اس تقریب میں مرکزی مملکتی وزیر ساوتری ٹھاکرے، بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے شرکت کی۔ مرکزی وزیر نے کہا کہ آدی واسیوں کے حقوق کے لئے برسا مونڈا کی خدمات اور جرأت نا قابل فراموش ہے۔ اس موقع پر قبائلیوں سے متعلق متاثر کن ثقافتی پروگرام بھی پیش کیا گیا۔

eco tourism

ریاستی وزیر جنگلات کونڈا سریکا نے کہا ہے کہ ریاست بھر میں ایکوٹوریزم کی ترقی کیلئے خصوصی منصوبہ پر عمل کیا جائے گا۔ انہوں نے آج جنگلاتی علاقوں میں آتشزدگی کے واقعات کی روک تھام اور بنیادی سہولیات کی فراہمی پر جائزہ اجلاس طلب کیا۔ ریاستی وزیر نے کہا کہ جنگلات کے تحفظ کے مقصد سے آگ لگنے کے واقعات پر قابو پانے کے لئے اقدامات کئے جائیں گے۔ کونڈا سریکا نے کہا کہ جنگلاتی علاقہ میں اس طرح کے واقعات کی روک تھام کیلئے گریجنوں کو خصوصی تربیت دی جائے گی۔ اسی طرح ساگوان کے علاوہ دیگر درختوں اور نرسریوں سے متعلق شعور بیداری پیدا کی جائے گی۔

President

صدر جمہوریہ ہند دروپدی مرمو اس مہینہ کی 21 تاریخ کو حیدرآباد کا دورہ کریں گے۔ 21 تاریخ کی دوپہر ایک بجکر دس منٹ پر وہ بیگم پیٹ ایرپورٹ پہنچیں گے اور وہاں سے راست راج بھون روانہ ہوں گے۔ اسی شام چار بجے صدر جمہوریہ ہند بھارتیہ کلا مہوتسو میں شرکت کریں گے۔ صدر جمہوریہ 22 نومبر کو پوٹہ پرتی کا دورہ کرتے ہوئے ستیہ سائی بابا کی صد سالہ جینتی تقاریب میں شرکت کریں گے۔

Show Cause Notice

ریاست کے مختلف اضلاع کے سرکاری تدریسی ہاسپٹلس میں خدمات سے غیر حاضر رہنے والے 32 ڈاکٹرس کو میڈیکل ایجوکیشن ڈائرکٹر نریندرا کمار نے وجہ بتاؤ نوٹس جاری کی ہے۔ ان میں پروفیسرس کے ساتھ ساتھ اسسٹنٹ پروفیسرس بھی شامل ہیں۔ واضح کیا گیا ہے اندرون 15 یوم ڈی ایم ای دفتر سے رجوع ہوکر مناسب وضاحت پیش نہ کرنے کی صورت میں انہیں خدمات سے برخواست کیا جائیگا۔

fees reimbursement

فیس ری ایمبرسمنٹ کے معاملہ میں غیر مستحق طلبہ کی جانب سے بڑے پیمانے پر مستفید ہونے کے الزامات کے تناظر میں ریاستی حکومت نے ایک اہم فیصلہ لیا ہے۔ حکومت نے انکم ٹیکس سرٹیفکیٹ کی درخواست کیلئے راشن کارڈ کو لازمی قرار دیا ہے۔ واضح کیا گیا ہے کہ راشن کارڈ رکھنے والوں کو ہی انکم ٹیکس سرٹیفکیٹ جاری کیا جائے گا۔ اگر انکم ٹیکس سرٹیفکیٹ کیلئے راشن کارڈ نہ رکھنے والے افراد می سیوا سے رجوع ہوتے ہیں تو درخواست داخل کرنے کے بعد میسنگ فوڈ سیکورٹی کارڈ کا میسیج ان کے موبائل فون پر آئیگا۔

Cabinet Meeting

چیف منسٹر ریونت ریڈی کی صدارت میں کل ریاستی کابینہ کا اجلاس منعقد ہوگا۔ امکان ہے کہ اس اجلاس میں بی سی ریزرویشن کے ساتھ ساتھ مجالس مقامی اداروں کے انتخابات جیسے امور پر تبادلہ خیال کیا جائیگا۔

Vegitable

ریاست میں ترکاریوں کی قلت پر قابو پانے کے لئے حکومت نے ایک نئی پالیسی تیار کی ہے۔اس سلسلہ میں پہلے مرحلہ میں ریاست گیر سطح پر گدوال سمیت منتخب کردہ 14 اضلاع میں 10 ہزار ایکڑ پر کاشت کو وسعت دینے کا نشانہ مقرر کیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ورمی کمپوسٹ بیڈس، کاشت کیلئے درکار پلاسٹک ٹرے اور دیگر اشیاء سربراہ کی جائے گی۔ مجموعی طور پر فی ایکڑ 24 ہزار روپے کی فراہمی کا فیصلہ کیا گیا۔اس سلسلہ میں جوگولامبا گدوال ضلع کو موقع فراہم ہونے پر بنیادی سطح سے ترکاریوں کی کاشت کیلئے محکمہ باغبانی کے حکام کی جانب سے منصوبہ سازی کی گئی ہے۔ترکاریوں کی کاشت کرنے والے کسانوں کی نشاندہی کرتے ہوئے ان کی حوصلہ افزائی کے ساتھ ساتھ ہر ضلع کو 6 کلسٹرس میں تقسیم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

Fish

ریاستی وزیر وی سری ہری نے بتایا کہ مچھیروں کی فلاح و بہبود کے مقصد سے جاریہ سال ریاست بھر میں 26 ہزار تالابوں میں 84 کروڑ چھوٹی مچھلیاں اور 10 کروڑ جھینگے چھوڑنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔انہوں نے آج دھرما ساگر ریزروائر میں 12 لاکھ چھوٹی مچھلیاں چھوڑنے کے پروگرام میں شرکت کی۔ اِس موقع پر ریاستی وزیر نے بتایا کہ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے محکمہ سمکیات کیلئے 123 کروڑ روپے مختص کئے ہیں۔ وی سری ہری نے بتایا کہ اسٹیشن گھن پور حلقہ میں مچھلیوں اور جھینگوں کی پیداوار کا مرکز قائم کیا جائے گا۔ریاستی وزیر نے یہ بھی کہا کہ ریاست میں پانچ لاکھ خاندانوں کا دارومدار سمکیات پر منحصر ہے اور شعبہ کو ترقی دی جائے گی۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ ریاستی حکومت کی جانب سے مچھیروں کیلئے ایک کروڑ 40 لاکھ روپے جیون بیمہ ادا کیا جارہا ہے۔

Singareni Collieries

سنگارینی کالریز کے زیر اہتمام آج بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع میں میگا جاب میلہ منعقد کیا گیا۔ اس جاب میلہ کا کوتہ گوڑم کے رکن اسمبلی کے سامبا شیوا راؤ، سنگارینی ادارہ کے سی ایم ڈی بلرام نائک، ضلع کلکٹر اور ایس پی نے آغاز کیا۔ جاب میلہ 65 کمپنیوں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ ملازمت کیلئے درخواست داخل کرنے والے امیدواروں کی اہلیت کی جانچ کے بعد انہیں تقررنامے حوالہ کئے گئے۔ اس موقع پر سنگارینی کالریز میں 374 افراد کو موروثی ملازمت سے متعلق تقررنامہ حوالہ کئے گئے۔ اس موقع پر رکن اسمبلی نے کہا کہ سنگارینی ادارہ کے زیر اہتمام منعقدہ جاب میلہ ملازمت کیلئے خواہش مند افراد کیلئے ایک نعمت ہے۔

Sound Byte....

Tummidihatti

تلنگانہ جنا سمیتی کے صدر و رکن قانون ساز کونسل کودنڈارام نے کہا کہ تومڈی ہٹی کے پاس بیریج کی تعمیر کرواتے ہوئے ایلم پلی پروجیکٹ کو پانی منتقل کرنے کی تجویز کے معاملہ میں جامع حکمتِ عملی کو قطعیت دی جائے گی۔ انہوں نے ضلع منچریال میں تلنگانہ جنا سمیتی پلینری اجلاس میں شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ سنگارینی کو خانگیانی کی مخالفت کرتے ہوئے تلنگانہ جنا سمیتی کارکنوں کے ساتھ کھڑی رہے گی اور جدوجہد کرے گی۔

Sound Byte....

Road Safety

حیدرآباد سٹی ٹرافک پولیس اور ایچ سی ایچ سی کی جانب سے مشترکہ طور پر ریاست میں سڑک حادثات پر قابو پانے اور محفوظ سفر کو یقینی بنانے کے لئے ارائیو۔ الائیو پروگرام منعقد کیا گیا۔ اس تقریب میں حیدرآباد کمشنر پولیس وی سی سجنار کے علاوہ دیگر پولیس عہدیداروں اور فلم اداکاروں نے شرکت کی۔ اس موقع پر عوام میں شعور بیداری کیلئے تشہیری بورڈ کی رونمائی کی گئی۔

Constitution

چیف جسٹس آف انڈیا جسٹس بی آر گوائی نے کہا کہ دستور نے بنیادی حقوق متاثر ہونے کی صورت میں عدالتوں سے رجوع ہونے کا منفرد موقع شہریوں کو فراہم کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دستور کو ملک کے نام وقف کرنے کے موقع پر ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کی جانب سے دیا گیا کلیدی خطبہ وکلاء کیلئے مشعل راہ ہونا چاہیئے۔ دستور پر عمل آوری کے 75 سال مکمل ہونے کے موقع پر آندھرا پردیش کے منگل گیری میں منعقدہ ایک تقریب میں انہوں نے شرکت کی۔ اس پروگرام میں آندھرا پردیش کے چیف منسٹر چندرابابو نائیڈو اور آندھرا پردیش ہائی کورٹ کے چیف جسٹس، جسٹس ڈی ایس ٹھاکر نے شرکت کی۔

Awards

راموجی راؤ کی یوم پیدائش کے موقع پر راموجی ایکسلنس نیشنل ایوارڈ تقریب آج شام راموجی فلم سٹی میں منعقد ہوگی۔ نائب صدر جمہوریہ ہند سی پی رادھا کرشنن یہ ایوارڈس تقسیم کریں گے۔ بحیثیت نائب صدر جمہوریہ ہند یہ ان کا حیدرآباد کا پہلا دورہ ہے۔

OO